SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# PRESS RELEASE

For immediate release
**October 16, 2019**

## ایس ای سی پی کی سٹاک مارکیٹ میں نئی لسٹنگ کی حوصلہ افزائی کے لئے پبلک آفرنگ ریگولیشنز میں ترامیم تجویز

اسلام آباد (اکتوبر 16) سکیورٹیزاینڈایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے سٹاک ایکس چینج میں نئی لسٹنگ کی حوصلہ افزائی، سرمائے میں اضافے کے لئے پبلک آفرنگ ریگولیشنز 2017 میں ترامیم تجویز کر دی ہیں۔ مجوزہ ترامیم کے مسودہ کو اسٹیک ہولڈروں اور رائے عامہ سے تجاویز و آراء کی لئے کمیشن کی ویب سائٹ پر آویزاں کر دیا گیا ہے۔

ابتدائی پبلک آفرنگ کی لاگت میں کمی کے لئے تجویز کیا گیا ہے کہ آئی پی او کے لئے ایک ہی ادارہ مشیر برائے پیشکش اور بک رنر کی خدمات انجام دے سکتا ہے۔پیشکش کنندہ کی سہولت کے لئے تجویز دی گئی ہے کہ مشیر برائے پیشکش اور بک رنر کے لئے سرمایہ کاری کی حد کو حصص کی کل مالیت کے 5 فیصد سے بڑھاکر 10 فیصد کر دیا گیا۔ مزید، لسٹنگ کے لئے کمپنیوں کی اہلیت کے معیارات کا بھی دوبارہ سے جائزہ لیا گیا ہے تاکہ ایسی کمپنیاں جو کہ دو سال تک مسلسل منافع کی شرائط پر پورا نہیں اترتی، وہ بھی سٹاک مارکیٹ سے اپنی فنانسنگ کی ضروریات کو پورا کر سکیں۔ تاہم ایسی کمپنیوں کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ اس ذیل میں عائد شرائط کو پورا کریں اور سرمایہ کاروں کی آگہی کے لئے اپنے آفرنگ دستاویزات میں متعلقہ رسک کے حوالے سے تمام معلومات واضح اور تفصیل کے ساتھ درج کریں۔

آئی پی او میں عام لوگوں کی سرمایہ کاری کے تحفظ کے پیش نظر، گرین فیلڈ پراجیکٹس (جی ایف پی) کے لئے خصوصی پیرامیٹرز متعارف کروائے جا رہے ہیں۔ ان پیرامیٹرز کے ذریعے، گرین فیلڈ پراجیکٹس کے سپانسرز کے ئے ضروری ہے کہ ان کے پاس لسٹڈ کمپنی کو کامیابی سے چلانے بزنس ٹریک ریکارڈ ہو اور ایکویٹی کی صورت میں کم از کم 75 فیصد حصہ ہو اور کمپنی کے مالی گوشوارے بھی موجود ہوں۔ جاری کنندہ کو آفرنگ دستاویزات میں رسک سے متعلق معلومات بھی فراہم کرنا ضروری ہیں اور شئیرز کی پیشکش صرف متعین قیمت کے ذریعے ہی کی جائے گی۔ ایسے تمام جاری کنندگان جنہیں آئی پی او کے بعد غیر معمولی حالات کا سامنا کرنا پڑا، کو سہولت فراہم کرنے کے لئے ایک ایگزٹ آفر میکنزم بھی لایا جا رہا ہے۔ مجوزہ ترامیم کو ایس ای سی پی کی ویب سائٹ پر اَپ لوڈ کر دیا گیا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005